360668 ـ بٹ کوائن کی خرید و فروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال

آج کل ڈیجیٹل کرنسی کا لین دین بہت زیادہ بڑھ رہا ہے ہر کوئی اس کرنسی کے عوض اپنی مصنوعات فروخت کر رہا ہے انہی کرنسیوں میں بٹ کوائن بھی شامل ہے، اس کے علاوہ اور بھی مختلف کمپنیوں کی ڈیجیٹل کرنسیاں مارکیٹ میں موجود ہیں، میں اس وقت بٹ کوائن میں سرمایہ کاری کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں، لیکن چونکہ مجھے اس کے شرعی حکم کا علم نہیں ہے اس لیے توقف اختیار کیا ہوا ہے، تو آپ مجھے بتلائیے کہ اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ڈیجیٹل کرنسیوں کا ابھی تک اصل ماخذ معلوم نہیں ہے، ان کرنسیوں کے بارے میں ابھی بہت سے سوالات ، خطرات، خدشات اور پیچیدگیاں قابل تصفیہ ہیں۔

اس لیے ہم آپ کو یہی مشورہ دیں گے کہ اس میں سرمایہ کاری مت کریں تا آں کہ اس کی حقیقت واضح ہو جائے اور اس کے پس منظر میں موجود افراد سامنے آ جائیں۔

ہمیں ابھی تک ٹھوس بنیادوں پر ایسی کوئی بات نہیں ملی جس کی بنا پر ہم شرعی فتوی صادر کر سکیں۔

واللہ اعلم